Exam Date - 23.12.22

इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए।/Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 32
No. of Pages in Booklet : 32
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 150
No. of Questions in Booklet : 150
Paper Code : 04
SUBJECT : Urdu

# ST-22

## Paper-II

प्रश्न पुस्तिका संख्या / Question Booklet No. 40097713

समय : 02.30 घण्टे Time : 02.30 Hours

अधिकतम अंक : 300 Maximum Marks: 300

प्रश्न पुस्तिका के पेपर की सील / पॉलिथिन बैग को खोलने पर प्रश्न पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :–

- प्रश्न पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान है।
- प्रश्न पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं। समस्त प्रश्न, जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है / मुद्रण त्रुटि नहीं है।

किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न पत्र प्राप्त कर लें। यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी। परीक्षा प्रारम्भ होने के **5** मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे / आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा।

On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper the candidate should ensure that:-

- Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.
- All pages & Question of Question booklet and OMR answer sheet are properly printed. All question as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.

If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after **five** minutes of start of examination.

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. सभी प्रश्नों के उत्तर दीजिए।
2. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. प्रत्येक प्रश्न का केवल एक ही उत्तर दीजिए।
4. एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा।
5. **OMR** उत्तर–पत्रक इस परीक्षा पुस्तिका के अन्दर रखा है। जब आपको परीक्षा पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर–पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल प्वॉइंट पेन** से विवरण भरें।
6. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर सावधानी पूर्वक सही भरें। गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा।
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है।
8. प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः **1, 2, 3, 4** अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले अथवा बबल को उत्तर–पत्रक पर **नीले बॉल प्वॉइंट पेन** से गहरा करना है।
9. यदि किसी प्रश्न में किसी प्रकार की कोई मुद्रण या तथ्यात्मक प्रकार की त्रुटि हो, तो प्रश्न के हिन्दी तथा अंग्रेज़ी रूपान्तरों में से अंग्रेज़ी रूपान्तर मान्य होगा।
10. मोबाइल फोन अथवा इलेक्ट्रॉनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित हैं। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है, तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए और **राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (अनुचित साधनों की रोकथाम) अधिनियम, 2022 तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों–प्रावधानों** के तहत कार्यवाही की जाएगी। साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. Answer all questions.
2. All questions carry equal marks.
3. Only one answer is to be given for each question.
4. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
5. The **OMR** Answer Sheet is inside this Test Booklet. When you are directed to open the Test Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **blue ball point pen** only.
6. Please correctly fill your Roll Number in O.M.R. Answer Sheet. Candidate will themselves be responsible for filling wrong Roll Number.
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
8. Each question has four alternative responses marked serially as **1, 2, 3, 4**. You have to darken only one circle or bubble indicating the correct answer on the Answer Sheet using **BLUE BALL POINT PEN.**
9. If there is any sort of ambiguity/mistake either of printing or factual nature, then out of Hindi and English Version of the question, the English Version will be treated as standard.
10. Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt as per rules.

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Prevention of Unfair means) Act, 2022 & any other law applicable and Commission's Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

उत्तर पत्रक में दो प्रतियां हैं – मूल प्रति और कार्बन प्रति, परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर पत्रक की दोनों प्रतियां वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें। वीक्षक उत्तर पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाईन से मोड़कर सावधानी पूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे। परीक्षार्थी कार्बन प्रति को अपने साथ ले जायेंगे।

1. ''بات جو معروف ہے اُن پہ وہ مجہول ہے۔'' اس مصرعے میں لفظ معروف اور مجہول ایک دوسرے کے کیا ہیں۔

(1) متضاد

(2) مترادف

(3) متشابہ

(4) ہم معنی

2. خالدہ پہلے ہی سے غم گین بیٹھی تھی۔ اس کے بھائی نے اس کی کتاب پھاڑ کر۔۔۔۔۔۔ کا کام کیا۔

درج بالا جملے میں خالی جگہ کس محاورے سے پُر ہوگی؟

(1) سبز باغ دکھانا

(2) عش عش کر اٹھنا

(3) زخم پر نمک چھڑکنا

(4) شش و پنج میں پڑنا

3. ''آگ ببولا ہونے سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوا کرتا'' اس جملے میں مستعمل محاورے ''آگ ببولا ہونا'' کا مطلب ہے:

(1) غصہ ہونا

(2) خوش ہونا

(3) جلد بازی کرنا

(4) توجہ نہ دینا

4. ضرب المثل ''ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی'' کا مفہوم ہے:

(1) تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔

(2) جھگڑا دونوں طرف سے ہوتا ہے۔

(3) ابھی منزل دور ہے۔

(4) اتفاق میں برکت ہوتی ہے۔

5. ''سانپ بھی مر جائے لاٹھی بھی نہ ٹوٹے'' یہ ہے؟

(1) ضرب المثل

(2) محاورہ

(3) متضاد

(4) مترادف

6. ذیل میں مختلف ضرب الامثال اوران کے سامنے ان کا مفہوم تحریر ہے۔

| ضرب الامثال | | مفہوم | |
|---|---|---|---|
| (A) | اپنے منھ میاں مٹھو بننا | (i) | موقع محل کے مطابق کام کرنا |
| (B) | جیسا دیس ویسا بھیس | (ii) | کام بھی ہو جائے اور نقصان بھی نہ ہو |
| (C) | سانپ بھی مرے، نہ لاٹھی ٹوٹے | (iii) | اپنی تعریف خود کرنا |
| (D) | یک جان دو قالب | (iv) | نہایت گہرا دوست ہونا |

ضرب الامثال سے ان کے مقابل دیئے گئے مفہوم کی صحیح ترتیب ہے:

| | D | C | B | A |
|---|---|---|---|---|
| (1) | (i) | (ii) | (iii) | (iv) |
| (2) | (iv) | (i) | (ii) | (iii) |
| (3) | (iii) | (iv) | (i) | (ii) |
| (4) | (iv) | (ii) | (i) | (iii) |

7. شہر میں کس منہ سے آئے سامنے تیرے کہ شوخ ۔ جھائیوں سے بھر رہا ہے سارا چہرہ ماہ کا۔ اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) تضاد

(2) ایہام

(3) اشتقاق

(4) حسن تعطیل

8. پوچھتے ہیں وہ ہو کہ غالب کون ہے۔کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا ۔ یہ شعر مثال ہے:

(1) صُنعتِ تلمیح کی
(2) صنعتِ تجاہلِ عارفانہ کی
(3) صنعتِ ایہام کی
(4) صنعتِ تجنیس کی

9. اصل شہود وشاہد و شہود ایک ہیں۔ حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں۔اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

(1) صنعتِ ایہام
(2) صنعت لف ونشر
(3) صنعت اشتقاق
(4) تجنیس

10. جب کسی لفظ کو اس کے اصل معنی کے بجائے مجازی یا دوسرے معنی میں استعمال کیا جائے تو اُسے کیا کہتے ہیں؟

(1) کنایہ
(2) تشبیہ
(3) استعارہ
(4) مجازِ مرسل

11. جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں۔ یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں۔ اس شعر میں علم البیان کی کونسی صنعت ہے؟

(1) استعارہ

(2) تشبیہ

(3) استعارہ بالکنایہ

(4) مستعار منہ

12. جس صنفِ سخن میں ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں اور ہر شعر اپنے پہلے اور بعد کے شعر سے مختلف قافیہ رکھتا ہو کہلاتی ہے:

(1) قطعہ

(2) رباعی

(3) مثنوی

(4) مخمس

13. ''مربع'' سے نظم کی کون سی ہیئت مراد ہے:

(1) وہ نظم جس میں صرف چار مصرعے ہوں۔

(2) وہ نظم جس کے ہر بند میں چار مصرعے ہوتے ہیں۔

(3) وہ نظم جس میں چار شعر ہوں۔

(4) وہ نظم جس میں قافیہ نہ ہو۔

14. رباعی چار مصرعوں پر مشتمل نظم ہوتی ہے۔اس کا۔۔۔۔۔مصرع نہایت پرزور اور اثر دار ہوتا ہے۔

مندرجہ بالا جملے میں خالی جگہ کو صحیح متبادل سے پُر کیجئے۔

(1) پہلا

(2) دوسرا

(3) تیسرا

(4) چوتھا

15. اردو میں نظمِ معرّیٰ انگریزی کی دین ہے۔اس صنف کو پہلے کس نام سے موسوم کیا گیا؟

(1) آزاد نظم

(2) نظمِ غیر مقفّٰی

(3) نثری نظم

(4) ان میں سے کوئی نہیں

16. غزل کا ماخذ ہے:

(1) گیت

(2) مرثیہ

(3) مثنوی

(4) قصیدہ

17. مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' کے مصنف کون ہیں:

(1) عبدل

(2) اشرف بیابانی

(3) فخرالدین نظامی

(4) برہان الدین جانم

18. داستان ''عجائب القصص'' کس نے لکھی؟

(1) میر حسن

(2) ان شاء اللہ خاں انشاء

(3) بہادر شاہ ظفر

(4) شاہ عالم ثانی

19. ''فسانۂ عجائب'' مرزا رجب علی بیگ سرور نے کس کی فرمائش پر لکھی؟

(1) حکیم اسد علی

(2) غازی الدین حیدر

(3) مہاراجہ بنارس

(4) مہاراجہ الور

20. نصرتی کی مشہور رزمیہ مثنوی ''علی نامہ'' میں عادل شاہی خاندان کے کس بادشاہ کے حالاتِ زندگی منظوم کئے گئے ہیں؟

(1) علی عادل شاہ اول

(2) علی عادل شاہ ثانی

(3) ابراہیم عادل شاہ

(4) محمد عادل شاہ

21. کس شاعر نے ابتدائی اردو میں ایک بارہ ماسہ ''بکٹ کہانی'' کے نام سے لکھا؟

(1) جعفر زٹلی

(2) افضل

(3) آبرو

(4) امیر خسرو

22. شمالی ہند کی پہلی نثری کتاب ہے؟

(1) نوطرزِ مرصع

(2) کربل کتھا

(3) باغ و بہار

(4) چہار درویش

23. خان آرزو کے شاگرد تھے؟

(1) میر تقی میر

(2) مومن

(3) شاکر ناجی

(4) غالب

24. شیخ ظہور الدین حاتم نے اصلاح زبان کی تحریک کا اثر قبول کرتے ہوئے ایہام گوئی سے کنارہ کشی اختیار کر لی اس کے بعد انھوں نے اپنے کلام کا انتخاب کس نام سے مرتب کیا؟

(1) دیوانِ زادہ

(2) دیوان حاتم

(3) نکات الشعرا

(4) ظہور نامہ

25. سر سید احمد خاں کی مشہور تصنیف ''آثار الصنادید'' کا موضوع ہے:

(1) ہندوستان میں مسلمانوں کا عروج و زوال

(2) دہلی میں اردو زبان کی پیدائش

(3) آگرہ کا تاج محل اور لال قلعہ

(4) دہلی کی تاریخ، قدیم عمارات اور نامور شخصیات

26. ذیل میں سے کس شخص کو سرسید کا دستِ راست کہا جا سکتا ہے؟

(1) الطاف حسین حالیؔ

(2) محسن الملک

(3) چراغ علی

(4) ذکاءاللہ

27. سرسید نے سائنٹفک سوسائٹی کب اور کس شہر میں قائم کی:

(1) 1862ء غازی پور میں

(2) 1861ء علی گڑھ میں

(3) 1860ء مرادآباد میں

(4) 1863ء دہلی میں

28. دل کا اجڑنا سہل سہی، بسنا سہل نہیں ظالم ۔ بستی بسنا کھیل نہیں، بستے بستے بستی ہے۔ یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) حسرت موہانیؔ

(2) عزیز لکھنوی

(3) اصغر گونڈوی

(4) فانیؔ بدایونی

29. شادؔ عظیم آبادی کی غزلوں کا دیوان کس نام سے شائع ہوا؟

(1) نقشِ فریادی

(2) انجم کدہ

(3) گل کدہ

(4) نغمۂ الہام

30. حسرتؔ موہانی جنگِ آزادی کے عظیم مجاہد تھے۔ انہوں نے ۱۹۲۱ء میں پہلی بار ۔۔۔۔ کا تصور پیش کیا۔ خالی جگہ کو پُر کیجئے۔

(1) عدم تعاون

(2) کامل آزادی

(3) گول میز کانفرنس

(4) انگریزو بھارت چھوڑو

31. اصغر گونڈوی کی شاعری کا مجموعہ ہے؟

(1) سیف وسبو

(2) نغمۂ الہام

(3) نشاطِ روح

(4) ماورا

32. اس دور میں زندگی بشر کی ۔۔۔۔۔۔فراق کے اس شعر کا دوسرا مصرع ہے:

(1) تصویر حیات ہوگئی ہے

(2) بیمار کی رات ہوگی ہے

(3) اب غم کے نکات ہوگئی ہے

(4) شام ظلمات ہوگئی ہے

4009713

33. مجروح سلطان پوری کے شعری مجموعے کا نام کیا ہے:

(1) غزل

(2) مشعلِ دل

(3) غزل نما

(4) شعلۂ جاں

4009713

34. ''پہلی بارش'' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(1) ن ـ م ـ راشد

(2) مجروح سلطان پوری

(3) شاد عظیم آبادی

(4) ناصر کاظمی

4009713

35. علامہ اقبال کے شعری مجموعوں کی زمانی قدامت کے لحاظ سے کون سی ترتیب درست ہے؟

(1) بانگ درا، بال جبریل، ارمغان، حجاز، ضرب کلیم

(2) بانگ درا، ضرب کلیم، بال جبریل، ارمغان حجاز

(3) بانگ درا، بالِ جبریل، ضرب کلیم، ارمغان حجاز

(4) ارمغان حجاز، ضربِ کلیم، بالِ جبریل، بانگ درا۔

4009713

36. "بے شک میں اس کا محرک ہوں اور اس کو میں اپنے اعمالِ حسنہ میں سمجھتا ہوں کہ خدا جب پوچھے گا کہ کیا لایا؟ میں کہوں گا کہ حالی سے مسدس لکھا لایا ہوں اور کچھ نہیں" حالی کی نظم "مدوجزرِ اسلام" کے متعلق یہ رائے کس نے ظاہر کی تھی:

(1) مرزا غالب نے۔
(2) محمد حسین آزاد نے۔
(3) سر سید احمد خاں نے۔
(4) ڈپٹی نذیر احمد نے۔

37. اختر شیرانی کا پورا نام کیا ہے؟

(1) سلیمان خاں
(2) منور خاں
(3) محمود خاں
(4) محمد داؤد خاں

38. فیض کا پہلا مجموعۂ کلام ہے:

(1) سروادیِ سینا
(2) نقشِ فریادی
(3) دستِ صبا
(4) زنداں نامہ

39. "جوانی کی رات" کس کی نظم ہے؟

(1) جوش
(2) مجاز
(3) فیض
(4) جگر

40. ذیل میں سے کون سی نظم اختر الایمان کی نہیں ہے؟

(1) ایک لڑکا
(2) عہدِ وفا
(3) سپردگی
(4) گورِ غریباں

4009713

41. ''شمس العلماء'' کا خطاب کس ناول نگار کو عطا ہوا؟

(1) پریم چند

(2) نذیر احمد

(3) عبدالحلیم شرر

(4) راشد الخیری

42. کشمیر کی شادابی ''فطرت کا حسن'' مظلوموں اور سماج کے دبے کچلے طبقات کی زندگی کے مسائل کس افسانہ نگار کے افسانوں کے خاص موضوعات ہیں؟

(1) عصمت چغتائی

(2) کرشن چندر

(3) سجاد ظہیر

(4) راجندر سنگھ بیدی

43. ذیل میں سے کون سے ڈرامہ نگار ''اردو کے شیکسپیر'' کہلائے؟

(1) آغا حشر کاشمیری

(2) سید آغا حسن امانت

(3) امتیاز علی تاج

(4) طالب بنارسی

44. ن۔م۔راشد کا اصل نام کیا تھا:

(1) نذیر محمد

(2) نصیر محمد

(3) نذر محمد

(4) نظیر محمد

45. عصمت چغتائی نے ''دوزخی'' کے نام سے جو خاکہ لکھا وہ کس سے متعلق ہے:

(1) فہیم بیگ چغتائی سے

(2) محمد اکرام چغتائی سے

(3) مجاز لکھنوی سے

(4) عظیم بیگ چغتائی سے

46. رپورتاژ ''دکن ساٹھا رنہیں سنسار میں'' کس ادیب نے لکھا؟

(1) قرۃ العین حیدر

(2) کرشن چندر

(3) سیّد سجاد ظہیر

(4) عصمت چغتائی

47. شورسینی پراکرت کا علاقہ کون سا ہے؟

(1) دوآبہ

(2) بہار

(3) کشمیر

(4) پنجاب

48. جدید ہند آریائی زبانوں کا دور ہے :

(1) تقریباً 600 عیسوی سے 1000 عیسوی تک

(2) تقریباً 500 قبل مسیح سے 600 عیسوی تک

(3) تقریباً 1500 قبل مسیح سے 500 قبل مسیح تک

(4) ماقبل 600 عیسوی

49. ''گلدبی اردو'' کس کی تصنیف ہے:

(1) رشید احمد صدیقی کی

(2) خواجہ حسن نظامی کی

(3) ملاّ رموزی کی

(4) پطرس بخاری کی

50. حافظ محمود شیرانی نے پنجاب کو اردو کی جائے پیدائش قرار دیا ہے۔ انہوں نے یہ نظریہ اپنی کس تصنیف میں پیش کیا ہے؟

(1) مقالاتِ سلیمانی

(2) پنجاب میں اردو

(3) دکن میں اردو

(4) آبِ حیات

51. ''نواحِ دہلی کی بولیاں اردو کا اصل منبع اور سرچشمہ ہیں اور حضرت دہلی اس کا صحیح مولود منشا'' اردو کی ابتدا کا یہ نظریہ کس نے پیش کیا ہے؟

(1) پروفیسر مسعود حسین خاں

(2) سید سلیمان ندوی

(3) مرزا خلیل احمد بیگ

(4) ڈاکٹر شوکت سبزواری

52. آتش بلند دل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم یک شعلہ برقِ خرمنِ صد کوہ طور تھا۔ میرؔ کے اس شعر میں کلیم سے مراد ہے:

(1) حضرت داؤد علیہ السلام

(2) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(3) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(4) حضرت یعقوب علیہ السلام

53. اردو برج بھاشا سے نکلی ہے یہ نظریہ کس کا ہے؟

(1) مولانا محمد حسین آزاد

(2) سید سلیمان ندوی

(3) سیّدہ جعفر

(4) محمود شیرانی

54. ان لبوں نے نہ کی مسیحائی۔ ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا۔ اس شعر میں مسیحائی سے مراد ہے:

(1) ظالمانہ روّیہ

(2) چارہ گری

(3) درد دینے والا

(4) ستم کرنے والا

55. سوز و گداز کا شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

(1) غالبؔ

(2) ذوقؔ

(3) داغؔ

(4) میرؔ

56. ازل سے دشمنی طاؤس و مار آپس میں رکھتے ہیں۔ دلِ پُر داغ کو کیونکر ہے عشق اس زلف پیچاں کا۔
ناسخؔ کے درج بالا شعر میں ''مار'' کے معنی ہیں:

(1) سانپ
(2) پٹائی
(3) مور
(4) چیونٹی

57. وائے نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا۔ خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا۔ اس شعر کا مرکزی موضوع ہے:

(1) اچھا خواب دیکھو
(2) نادانی کے کام مت کرو
(3) اللہ سے محبت
(4) دنیا کی بے ثباتی

58. تجھ سے قسمت میں مری صورتِ قفلِ ابجد۔ تھا لکھا بات کے بنتے ہی جُدا ہو جانا۔ غالبؔ کے اس شعر میں ''قُفلِ ابجد'' کا مفہوم ہے:

(1) حروف کی ترتیب سے کھلنے اور بند ہونے والا تالا
(2) دروازے پر لگا تالا
(3) تالے کی چابی
(4) ان میں سے کوئی نہیں

59. ''صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا وگرنہ میں'' مرزا غالبؔ کے مندرجہ بالا مصرعے کا مصرعِ ثانی کون سا ہے:

(1) یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا
(2) ناخن پہ قرض اس گرہِ نیم باز کا
(3) طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا
(4) ہر گوشۂ بساط ہے سر شیشہ باز کا

60. تم مرے پاس ہوتے ہو گویا۔ جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا۔ مومنؔ کے اس شعر کے متعلق کس شاعر نے کہا تھا کہ اگر مومن مجھے اپنا یہ شعر دے دیں تو میں ان کو اپنا پورا دیوان دینے کو تیار ہوں۔

(1) غالبؔ
(2) ذوقؔ
(3) بہادر شاہ ظفرؔ
(4) آتشؔ

61. تکلّف کیا جو کھوئی جانِ شیریں پھوڑ کر سر کو۔ جو غیرت تھی تو پھر خسرو سے ہوتا کوہکن بگڑا۔ آتش کے اس شعر میں کونسی صفت استعمال کی گئی ہے؟

(1) صفتِ تجنیس
(2) صفتِ تلمیح
(3) صفتِ تضاد
(4) صفتِ تجاہلِ عارفانہ

62. تیری محفل سے اٹھاتا غیر مجھ کو کیا مجال۔ دیکھتا تھا میں کہ تو نے بھی اشارہ کر دیا۔ حسرتؔ موہانی کی اس شعر میں "غیر" سے مراد ہے:

(1) معشوق
(2) عاشق
(3) شریکِ محفل
(4) رقیب

63. ادھر منہ پھیر کر کیا ذبح کرتے ہو ادھر دیکھو ۔ مری گردن پہ خنجر کی روانی دیکھتے جاؤ۔ یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) مومن خاں مومنؔ
(2) حسرتؔ موہانی
(3) فانی بدایونیؔ
(4) داغ دہلویؔ

64. حسن بے پروا کو خود بین و خود آرا کر دیا ۔ کیا کیا میں نے کہ اظہارِ تمنا کر دیا۔ مندرجہ بالا شعر میں حسنِ بے پرواہ کے خود بین و خود آرا ہونے کا سبب کسے قرار دیا گیا ہے:

(1) بے پروا حسن کو
(2) خود آرا حسن کو
(3) اظہارِ تمنا کو
(4) خود بین حسن کو

65. ہونے لگا ہوں خود سے قریں اے شبِ الم ۔ میں پا رہا ہوں ہجر میں کچھ اپنی آہٹیں۔ مذکورہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) فراق گورکھپوری
(2) حسرت موہانی
(3) مومن
(4) فانی

66. حالی کی نظم "مسدس مدو جزر اسلام" کو۔۔۔۔اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ خالی جگہ کو صحیح متبادل سے پُر کیجئے۔

(1) الطاف حسین حالی

(2) محمد حسین آزاد

(3) شبلی نعمانی

(4) سرسید

67. جماعت کی عزت میں ہے سب کی عزّت ۔جماعت کی ذلت میں ہے سب کی ذلّت۔

رہی ہے نہ ہرگز رہے گی سلامت۔نہ شخصی بزرگی نہ شخصی حکومت۔

وہی شاخ پھولے گی یاں اور پھلے گی۔ہری ہوگی جڑ اس گلستاں میں جس کی۔ اس بند میں حالی نے کس بات کی تاکید کی ہے؟

(1) شخصی حکومت کا قیام

(2) شخصی بزرگی کا حصول

(3) اجتماعیت کی اہمیت

(4) پیڑ کی جڑ کو پانی دینا چاہئے۔

68. مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر۔دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر۔

ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر۔جس طرح کتے ٹوٹتے ہیں استخوان پر۔ ویسا ہی مفلسوں کو لڑاتی ہے مفلسی

نظم مفلسی کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(1) مسدس

(2) مخمس

(3) مثلث

(4) مربع

69. ہے وہی سازِ کہن مغرب کا جمہوری نظام۔جس کے پردوں میں نہیں غیر از نوائے قیصری۔ اقبال اس شعر میں کس پر تنقید کر رہے ہیں؟

(1) سازِ کہن پر

(2) اشتراکی نظام پر

(3) شاہی نظام پر

(4) جمہوری نظام پر

70. زیرِ لب ارض وسما میں، باہمی گفت وشنود۔مشعل گردوں کے بجھ جانے سے اک ہلکا سا دُود۔جوش کے اس شعر میں 'مشعلِ گردوں' سے مراد ہے:

(1) شمع

(2) سُورج

(3) چاند

(4) آسمان کا ستارہ

71. مضارع فعل کی وہ حالت ہے جس سے ۔۔۔۔کی کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔ درج بالا جملے میں خالی جگہ کو پُر کیجئے۔

(1) ماضی

(2) حال و مستقبل

(3) حال

(4) مستقبل

72. ''وہ لایا جاتا ہے'' کس زمانے کو ظاہر کرتا ہے؟

(1) مضارع مجہول

(2) ماضی مجہول

(3) حال مجہول

(4) مستقبل مجہول

73. ''حامد نے خط پڑھا'' جملے میں کون سا فعل استعمال ہوا ہے؟

(1) فعل متعدی

(2) فعل لازم

(3) فعل ناقص

(4) فعل امر

74. ذیل میں سے کون سا لفظ خارجی اشتقاق کی مثال ہے؟

(1) سوگوار

(2) تعلیم

(3) تذکرہ

(4) قبول

75. مندرجہ ذیل میں سے کون سا لفظ مرکب ہے:

(1) باریک

(2) فریاد

(3) دلاور

(4) لوٹ

4009713 4009713 4009713 4009713

76. ''پردیس سے ایسے چلے آئے۔ جیسے سنتے ہیں محشر میں۔ عشاق خراماں ہوں گے۔ یہ کس کے آنے کا ذکر۔ رشید احمد صدیقی نے کیا ہے؟

(1) شیخ میرو

(2) شیخ شیرو

(3) شیخ ہیرو

(4) شیخ شیخو

4009713

77. لوہار، سنار، پجاری اور کھلاڑی ہیں:

(1) اسم آلہ

(2) اسم تصغیر

(3) اسم فاعل

(4) اسم زمان

78. اردو کے اکثر اسمائے مجرد فعل سے بھی مشتق ہوتے ہیں انہیں اصطلاح میں کہا جاتا ہے:

(1) اسم مکان

(2) حاصل مصدر

(3) اسم مفعول

(4) فعل

79. ''غلام'' کا مؤنث ہے؟

(1) نوکر

(2) باندی

(3) غلامی

(4) غلامان

80. تذکیر و تانیث سماعی کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(1) بزرگوں اور اہلِ علم کی زبان سے مذکر و مؤنث کے طور پر سنا ہوا۔

(2) کسی اصول یا قاعدے سے مذکر و مؤنث بنایا گیا ہو۔

(3) عربی قاعدے سے مذکر و مؤنث بنایا گیا ہو۔

(4) فارسی قاعدے سے مذکر و مؤنث بنایا گیا ہو۔

81. " اَقْسام " کی واحد ہے:

(1) قِسمُ

(2) اَقْسَمْ

(3) قُسَامْ

(4) قسیم

82. ذیل میں سے کون سی جمع فارسی قاعدے کے مطابق بنائی گئی ہے؟

(1) گھوڑے

(2) باتیں

(3) پہروں

(4) ہزارہا

83. "اُس نے کپڑے بدلے" اس جملے میں "نے" کس کی علامت ہے؟

(1) حالتِ فاعلی

(2) حالتِ مفعولی

(3) حالتِ اضافی

(4) حالتِ طوری

84. ذیل میں طوری حالت کی مختلف قسمیں اور ان کے مقابل ان کی مثالیں دی گئی ہیں۔

| | حالتِ طوری کی اقسام | | مثالیں |
|---|---|---|---|
| (A) | زماں | (i) | ایک کلو میں دس کیلے چڑھتے ہیں۔ |
| (B) | مکان | (ii) | میں چار دن میں آجاؤں گا۔ |
| (C) | قیمت | (iii) | انگوٹھی میں ہیرا جڑا ہوا ہے۔ |
| (D) | وزن | (iv) | یہ کتاب دو سو روپے میں خریدی |

اقسام سے مثالوں کے ملان کی صحیح ترتیب ہے:

| | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|
| (1) | (iii) | (ii) | (i) | (iv) |
| (2) | (ii) | (iii) | (iv) | (i) |
| (3) | (i) | (iii) | (ii) | (iv) |
| (4) | (iv) | (ii) | (iii) | (i) |

85. مندرجہ ذیل میں سے کون سا جملہ حالتِ اضافی کی مثال ہے؟

(1) میں گھر سے آیا

(2) ہمیں انعام ملا۔

(3) میں نے نوکر کو حکم دیا

(4) میرا دوست جے پور گیا۔

86. الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے بات مکمل ہو جائے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) فقرہ (2) جملہ

(3) مبتدا (4) وقفہ

87. ذیل میں مختلف جملے اور ان کے سامنے جملوں کی قسمیں دی گئی ہیں۔

| مثال | جملے کی اقسام |
|---|---|
| (A) وہ آیا اور چلا گیا | (i) سببی جملہ |
| (B) اس نے پڑھا نہ لکھا | (ii) وصفی جملہ |
| (C) چونکہ تم نہیں تھے اس لئے میں چلا آیا | (iii) تردیدی جملہ |
| (D) جو بات مجھے ناپسند ہے، میں کیوں نہ سنوں | (iv) عاطفہ جملہ |

مثالوں سے جملے کی اقسام کے مِلان کی صحیح ترتیب ہے۔

| | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|
| (1) | (i) | (ii) | (iii) | (iv) |
| (2) | (iv) | (iii) | (i) | (ii) |
| (3) | (i) | (iv) | (iii) | (ii) |
| (4) | (iv) | (iii) | (ii) | (i) |

88. جملے کے اجزا کی نشاندہی کیجئے۔

(1) مضاف، مضاف الیہ (2) موصوف، صفت

(3) فاعل، مفعول (4) مبتدا، خبر

89. حامد نے کہا ''میں کل آؤں گا'' اس جملے پہ علامت '' '' ہے۔

(1) واوین (2) قوسین

(3) تفصیلہ (4) سکتہ

90. کہاں جا رہے ہو۔ درج بالا جملے کے آخر میں کون سی علامت لگائی جائے گی؟

(1) – (2) ؟

(3) ! (4) ،

91. ذیل میں دیئے گئے جملوں میں سے جملہ فجائیہ کو پہچانیے؟

(1) ایک گلاس پانی لاؤ

(2) کیا یہ قلم ہے؟

(3) ارے! یہ کیا ہو رہا ہے۔

(4) آج وہ کام پر نہیں آیا۔

92. عبارت کو صحیح طور پر پڑھنے میں مددگار علامتوں کو کیا کہتے ہیں؟

(1) اعراب

(2) علاماتِ اصوات

(3) علاماتِ صحیحہ

(4) رموزِ اوقاف

93. جنابِ عالی۔ جناب والا، عالی مقام جیسے القابات کا استعمال کس طرح کے خطوط اور درخواست میں کیا جاتا ہے؟

(1) نجی خطوط میں

(2) درخواست میں

(3) تہنیتی خطوط میں

(4) تعزیتی خطوط میں

94. کسی اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست کی صحیح ترتیب ہوگی؟

(1) عنوان ۔ القاب و عہدہ۔ آداب۔ نفسِ مضمون۔ اختتام

(2) القاب و عہدہ۔ عنوان۔ آداب۔ نفسِ مضمون۔ اختتام

(3) آداب۔ القاب و عہدہ۔ عنوان۔ نفسِ مضمون۔ اختتام

(4) القاب و عہدہ۔ عنوان۔ نفسِ مضمون۔ آداب۔ اختتام

95. وہ مضمون جس میں کسی واقعہ کہانی، تفریح، یا سفر کے حالات وغیرہ بیان کئے گئے ہوں کہلاتا ہے؟

(1) بیانیہ مضمون

(2) فکری مضمون

(3) حکائیہ مضمون

(4) سادہ مضمون

96. اچھا مضمون لکھنے کے لیے مضمون نگار کو خیال رکھنا چاہئے کہ:

(1) ہر مطلب کو مختصر سے مختصر الفاظ میں ادا کیا جائے۔

(2) مضمون کو زیادہ سے زیادہ طویل کیا جائے۔

(3) عدم معلومات کے باوجود مضمون لکھا جائے۔

(4) کسی لفظ کو مضمون میں بار بار دہرایا جائے۔

97. اہل خانہ اور دوست احباب کو لکھے گئے خطوط کا صحیح زمرہ کون سا ہے؟

(i) صرف نجی خطوط (ii) صرف تہنیتی خطوط (iii) سرکاری خطوط

(1) صرف (i) صحیح ہے

(2) صرف (ii) صحیح ہے

(3) صرف (i) اور (ii) صحیح ہے

(4) صرف (i) اور (iii) صحیح ہے

98. جس کے نام خط لکھا جائے۔ اسے کہتے ہیں؛

(1) مکتوب

(2) مکتوب الیہ

(3) کاتب

(4) کتابت

99. تہنیتی خط کسے کہتے ہیں؟

(1) جس مین خبر دی جائے

(2) جس میں کسی ادازے کو خط لکھا جائے

(3) کسی کو مبارک باد دی جائے

(4) کسی کو غم کی خبر دی جائے

100. ہم معنی الفاظ کو کہتے ہیں؟

(1) مترادف (2) متضاد

(3) سابقے (4) لاحقے

101. اقبال کی نظم خضر راہ پانچ مختلف نظموں کا مجموعہ ہیں۔ پانچ کون سی نظمیں ہیں صحیح مصرعے کی نشاندہی کیجئے۔

(1) شاعر، صحرانوردی، سلطنت، سرمایہ ومحنت، نیائے اسلام (2) شاعر، صحرانوردی، سلطنت، صحرائے عرب، سرمایہ ومحنت

(3) شاعر، سلطنت، صحرانوردی، خضر، سرمایہ، ومحنت (4) دنیائے اسلام، شاعر، عرب وعجم، صحرانوردی، سرمایہ ومحنت

102. '' ظفرمندوں کے آگے رزق کی تحصیل کی خاطر۔ کبھی اپنا ہی نغمہ ان کا کہہ کر مسکرانا ہے

وہ خامہ سوزی شب بیداریوں کا جو نتیجہ ہو۔ اسے اک کھوٹے سکّے کی طرح سب کو دکھانا ہے۔

کبھی جب سوچتا ہوں اپنے بارے میں تو کہتا ہوں۔ کہ تو اک آبلہ ہے جس کو آخر پھوٹ جانا ہے

یہ شعری جُز کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(1) ایک لڑکا

(2) کسان

(3) خضر راہ

(4) صبح آزادی

103. '' قومی ترقی مجموعہ ہے شخصی ایمانداری کا'' ، ''شخصی ہمدردی کا'' یہ قول کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(1) نمک کا داروغہ (2) لاہور کا جغرافیہ

(3) اپنی مدد آپ (4) سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ

104. علم سے عمل نہیں آجاتا۔ علم کو عمل میں لانا علم سے باہر اور علم سے برتر ہے اور مشاہدہ، آدمی کی زندگی کو درست اور اس کے علم کو باعمل یعنی اس کے برتاؤ میں کر دیتا ہے۔ علم کی بہ نسبت عمل اور سوانح عمری کی بہ نسبت عمدہ چال چلن آدمی کو زیادہ معزز اور قابل ادب بنا دیتے ہیں۔''

سبق ''اپنی مدد آپ'' میں درج یہ قول کس کا ہے؟

(1) ولیم ڈراگن (2) لارڈ بیکن

(3) لارڈ ماؤنٹ بیٹن (4) سر سید احمد خاں

105. سبق ''اور جھوٹ کا رزم نامہ'' میں مصنف نے کسے ''دروغ دیوزاد'' کا باپ قرار دیا ہے؟

(1) سلطان آسمانی (2) دانش خاتون

(3) ہوس ہوا پرست (4) حمق تیرہ دماغ

106. جو کلام انسانی جذبات کو برانگیختہ کرے اور ان کو تحریک میں لائے وہ شعر ہے" یہ جملہ کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(1) غالب کی شاعری
(2) شاعری کیا ہے
(3) حالی
(4) لاہور کا جغرافیہ

107. فیض احمد فیض کی نظم "صبح آزادی" میں آزادی کی صبح کو کس طرح کی صبح کہا گیا ہے:

(1) صبح پُرنور
(2) صبح صادق
(3) شب گزیدہ سحر
(4) دن گزیدہ سحر

108. شبلی نعمانی کے نزدیک "احساس" کا کیا کام ہے؟

(1) کسی مؤثر واقعہ سے متاثر ہونا
(2) کسی چیز کا ادراک کرنا
(3) کسی مسئلے کا حل کرنا
(4) کسی بات پر غور کرنا

109. سبق "لاہور کا جغرافیہ" کے مصنف پطرس بخاری کے مطابق وسطِ ایشیا کے حملہ آور لاہور میں کس راستے سے وارد ہوتے تھے؟

(1) دلّی کے راستے
(2) امرتسر کے راستے
(3) سندھ کے راستے
(4) پشاور کے راستے

110. "جو سڑک بل کھاتی ہوئی لاہور کے بازاروں میں سے گزرتی ہے تاریخی اعتبار سے بہت اہم ہے" اس سڑک کو کس نے بنایا تھا؟

(1) محمد غوری
(2) شیر شاہ سوری
(3) بابر
(4) محمود غزنوی

111. ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا۔ نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا۔ یہ شعر ''غالب کی شاعری'' سبق سے لیا گیا ہے۔اس میں حالی نے نشاط کے معنی کیا بتائے ہیں؟

(1) غم

(2) سوز و گداز

(3) قہقہہ

(4) امنگ

112. مولوی عبدالحق کے مطابق مولانا حالی کی آخر میں دو تمنائیں تھیں ان میں سے ایک تھی:

(1) اردو زبان میں تذکیر و تانیث کے اصول منضبط کرنا

(2) پانی پت میں مدرسہ قائم کرنا

(3) پبلک اور نیشنل لائبریری قائم کرنا

(4) انگریزی زبان سیکھنا

113. ''سرسید سے معقولات الگ کر لیجیے تو کچھ نہیں رہتے۔نذیر احمد بغیر مذہب لقمہ نہیں توڑ سکتے۔شبلی سے تاریخ لے لیجیے،تو قریب قریب کورے رہ جائیں گے۔حالی بھی، جہاں تک نثر کا تعلق ہے،سوانح نگاری کے ساتھ چل سکتے ہیں۔لیکن آقائے اُردو یعنی پروفیسر آزاد صرف۔۔۔۔۔ہیں۔'' خالی جگہ کو صحیح متبادل سے پُر کیجیے

(1) مزاح نگار (2) رپورتاژ نگار

(3) خاکہ نگار (4) انشائیہ نگار

114. ''ہماری بستی میں دو اشخاص بہت مشہور تھے،ایک شیخ پیرُو اور دوسری رشید احمد صدیقی کے مطابق دوسری شخصیت کون تھی؟

(1) چھیتا خاتون

(2) میرُو

(3) گندن

(4) نام دیو

115. ''مولانا کی سیرت میں دو ممتاز خصوصیتیں تھیں ایک سادگی اور دوسری دردِ دل اور یہی شان انکے کلام میں ہے'' مولوی عبدالحق نے یہ کس شاعر و ادیب کی خصوصیات بیان کی ہیں۔؟

(1) شبلی نعمانی (2) الطاف حسین حالی

(3) مولانا سید سلیمان ندوی (4) مولوی چراغ علی

4009713

116. کس طریقہ تدریس کی بنیاد حروف کی آواز کے استعمال پر ہے؟

(1) لفظی طریقہ
(2) صوتی طریقہ
(3) جملہ واری طریقہ
(4) مباحثہ کا طریقہ

117. پڑھنے سکھانے کے کس طریقہ میں پہلے حروف تہجی کے نام سکھائے جاتے ہیں پھر ان کی شناخت کرائی جاتی ہے۔اس کے بعد اعراب کی مدد سے مفرد حروف کو جوڑ کر مرکب الفاظ سکھائے جاتے ہیں:

(1) تحلیلی طریقہ
(2) دیکھو اور بولو طریقہ
(3) ترجمہ کا طریقہ
(4) ابجدی طریقہ

118. پڑھنا سکھانے کے کس طریقے میں کل سے جز کی طرف پیش رفت کرنے کی ہدایت دی جاتی ہے۔

(1) تحلیلی طریقہ
(2) ترکیبی طریقہ
(3) ابجدی طریقہ
(4) ترجمہ کا طریقہ

119. حروف تہجی طریقہ کی صحیح ترتیب ہے۔

(1) حروف کی بناوٹ۔حروف۔اعراب۔ہجے
(2) ہجے۔حروف۔اعراب۔حروف کی بناوٹ
(3) حروف۔حروف کی بناوٹ۔اعراب۔ہجے
(4) حروف کی بناوٹ۔اعراب۔ہجے۔حروف

120. لکھنا سکھانے کس طریقہ میں پہلے دائرے، نیم دائرے، خط مستقیم اور خط منحنی سکھائے جاتے ہیں۔

(1) پڑھو لکھو طریقہ
(2) منٹیسری طریقہ
(3) ابجدی طریقہ
(4) پستانوی

4009713

121. ذیل میں سے کون سا طریقہ نفسیاتی اصولوں کے خلاف ہے۔

(1) مباحثہ کا طریقہ

(2) استقرائی طریقہ

(3) سوال و جواب کا طریقہ

(4) بیانیہ طریقہ

122. تدریس قواعد کا طریقہ جس میں طلبہ کو پہلے تعریفیں اور اصول رٹوائے جاتے ہیں۔ یہ طریقہ اصول سے مثال کی طرف چلتا ہے کہلاتا ہے؟

(1) استقرائی طریقہ

(2) استخراجی طریقہ

(3) سوال و جواب کا طریقہ

(4) خطابیہ طریقہ

123. معلم طلباء کو زیر نگرانی مطالعہ کرواتا ہے تا کہ

(1) طلباء کے اکتساب کو یقینی بنایا جائے۔

(2) طلباء کو مصروف دکھا سکے۔

(3) طلباء شرارت نہ کر پائیں۔

(4) کمرۂ جماعت میں نظم و ضبط رہے۔

124. معلم دوران تدریس طلبا کے سامنے ایک مسئلہ پیش کرتا ہے اور طلباء اس کا حل تلاش کرتے ہیں۔ یہ تدریسی طریقہ کار کہلاتا ہے:

(1) بیانیہ طریقہ

(2) تفویضی طریقہ کار

(3) مسئلے کا طریقہ کار

(4) تحقیقی طریقہ کار

125. استحسانی تفویض میں طلباء سے۔

(1) تجربہ گاہ میں تجربہ کروایا جاتا ہے۔

(2) مسئلہ کا حل کروایا جائے۔

(3) ٹیسٹ اور امتحان لیا جائے۔

(4) شاعری کی خصوصیات لکھوائی جاتی ہیں۔

126. کس طریقہ تدریس میں پہلے مثالیں بیان کی جاتی ہیں۔اس کے بعد اصول، قاعدے اور کلیے اخذ کرائے جاتے ہیں۔

(1) استقرائی طریقہ

(2) استخراجی یقہ

(3) تحلیلی طریقہ

(4) ابجدی طریقہ

127. طلباء سے کئے جانے والے سوالات کے جواب سے یہ بیان درست ہے۔

(1) سوالات فکر انگیز ہوں۔

(2) سوالات مبہم ہوں

(3) سوالات جانچنے والے نہ ہوں

(4) سوالات ترقی میں معاون نہ ہوں

128. تختۂ سیاہ پر تحریر کرتے وقت معلم کو کس زاویہ پر کھڑے رہنا چاہیے۔

(1) 65ڈگری

(2) 45ڈگری

(3) 75ڈگری

(4) 90ڈگری

129. کس طریقہ سے طلباء کے بولنے اور موضوع کو سمجھنے کی صلاحیت فروغ پاتی ہے۔

(1) مسئلے کا طریقہ

(2) سوال و جواب کا طریقہ

(3) بیانیہ طریقہ

(4) طریقہ تفویض

130. استاد سبق کے پڑھانے سے قبل طلباء کی معلومات اور ذہنی سطح کا اندازہ لگاتا ہے:

(1) کہانی سنا کر

(2) تفہیمی سوالات کر کے

(3) سابقہ معلومات کی جانچ کر کے

(4) اعادہ کے سوالات کر کے

131. وہ سوالات جن کا مقصد اس بات کا اندازہ لگانا ہوتا ہے کہ سبق کی مدد سے طلباء کی معلومات اور تفہیم میں کیا پیش رفت ہوئی ہے کہلاتے ہیں ،

(1) تفہیمی سوالات

(2) تمہیدی سوالات

(3) پیش رفت پر مبنی سوالات

(4) تعین قدر کے سوالات

132. قواعد کی تدریس کے ذریعہ کس تعلیمی عمل کو فروغ دینا مقصود ہوتا ہے۔

(1) زبان کے آغاز وارتقاء سے واقفیت بہم پہنچانا

(2) مضمون نگاری

(3) زبان کی صرفی ونحوی امور کی باقاعدہ تربیت دینا

(4) بیت بازی

133. قواعد کی تدریس کا آغاز۔۔۔۔۔۔سے ہونا چاہیے۔

(1) حرف

(2) لفظ

(3) رکن

(4) جملوں

134. نثری سبق کی تدریس میں سبق کے تعارف، صنف اور مصنف کے تعارف کے بعد کون سا مرحلہ ہوتا ہے؟

(1) طلباء کی بلند خوانی

(2) معلم کی بلند خوانی

(3) اخذ معانی

(4) اعادہ

135. نظم کی تدریس کے وقت معلم کو کس پر زیادہ توجہ دینی چاہیے۔

(1) قواعد اور اصولوں کے استعمال پر

(2) نظم سے محظوظ ہونے اور اس کی تحسین پر

(3) تحریر کے فروغ پر

(4) ذخیرہ الفاظ اور لغت سے رجوع کرنے پر

136. خالص عربی حروف ہیں:

(1) ٹ۔ڈ

(2) ژ۔ڑ

(3) چ۔چھ

(4) ص۔ض

137. ''ا'' سے ''ے'' تک حروف تہجی کے مجموعے کو کہتے ہیں؛

(1) حروف شمسی

(2) مرکب حروف

(3) ابجد

(4) ساکن حروف

138. ''میلادالنبی'' میں کون سے حروف خاموش (Silent) ہیں؟

(1) ل ن

(2) ال

(3) دا

(4) ی ل

139. درج ذیل میں سے حروف قمری والے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(1) ۔ب۔د۔ج۔ع۔ط۔

(2) ج،ل،ن،ف،س

(3) ی،ث،ز،ض،و

(4) غ،ق،م،ح،ک

140. جھ۔چھ۔کھ۔گھ۔کہلاتے ہیں:

(1) حروف شمسی

(2) حروف قمری

(3) حروف ہکاری

(4) حروف علت

141. ''خواہش'' میں واؤ ہے:

(1) واؤ معدولہ

(2) واؤ معروف

(3) واؤ مجہول

(4) واؤ عطفی

142. لفظوں کا صحیح تلفظ کیا جا سکتا ہے:

(1) علم صرف کی مدد سے

(2) علم نحو کی مدد سے

(3) اعراب کی مدد سے

(4) علم بیان کی مدد سے

143. ''مفتوح'' کسے کہتے ہیں؟

(1) جس حرف پر زبر لگا ہوا ہو۔

(2) جس حرف پر پیش لگا ہوا ہو۔

(3) جس حرف پر زیر لگا ہوا ہو۔

(4) جس حرف پر تشدید لگی ہوئی ہو۔

144. ''ناصر'' اسمِ فاعل ہے۔ اس کا اسمِ مفعول کیا ہوگا؟

(1) ناصرہ

(2) ناصری

(3) منصور

(4) منصوری

145. اسم جمع ایک جنس کی بہت سی چیزوں کے مجموعے کا پتا دیتا ہے لیکن ان کے کسی ایک فرد پر صادق نہیں آتا جیسے محفل۔ جلوس وغیرہ۔
یہ اسم کی کون سی قسم میں شامل ہے؟

(1) اسم نکرہ

(2) اسم معرفہ

(3) اسم جامد

(4) اسم مشتق

146. وہ کلمہ جس سے کوئی دوسرا کلمہ اسم یا فعل بنایا جائے، کہلاتا ہے:

(1) اسم مصدر

(2) اسم مشتق

(3) اسم جامد

(4) اسم فاعل

147. جب کسی اسم سے کسی چیز کی کوئی خصوصیت ظاہر ہوا سے صفت کہتے ہیں۔ جس چیز کی خصوصیت بیان کی جا رہی ہو، اُسے کہتے ہیں:

(1) مضاف

(2) مضاف الیہ

(3) مکتوب

(4) موصوف

148. کسی چیز کی مقدار، ناپ یا وزن کو ظاہر کرنے کے لیے۔

(1) اضافت کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(2) صفت ذاتی کا استعمال کرتے ہیں۔

(3) صفت مقداری کا استعمال ہوتا ہے۔

(4) حروف جارہ کا استعمال ہوتا ہے۔

149. صفت نسبتی ہے:

(1) بہادر

(2) ہندوستانی

(3) دوگز

(4) دوگنا

150. ”وہ آچکا ہوگا“ میں کونسا فعل استعمال ہوا ہے؟

(1) ماضی مطلق

(2) ماضی احتمالی

(3) ماضی بعید

(4) ماضی قریب

---

Space for Rough Work / रफ कार्य के लिये जगह

40
09
713

4009713

4009713

4009713

4009713